33784 ـ حجراسود کے پاس کھڑے ہوکرطواف میں تعطل پیدا کرنا

سوال

بعض حجاج کرام جب ابتدائے طواف کی علامت والی لائن پرپہنچتے ہیں تووہ بہت دیرتک کھڑے رہتے ہیں اوراپنے طواف کرنے والے بھائیوں پرتنگی کرتے اورانہیں تکلیف سے دوچار کرتے ہیں ، تواس لائن پردیر تک کھڑا ہونےاوردعا کرنے کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

یہ سوال فضیلۃ الشیخ محمدابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کے سامنے پیش کیا گیا توان کا جواب تھا :

"اس لائن پربہت دیرتک کھڑا ہونا صحیح نہیں ، بلکہ انسان کوچاہیے کہ وہ حجراسود کی جانب رخ کرکے اس کی جانب اشارہ کرکے اللہ اکبر کہے اوروہاں سے چل دے ، یہ ایسی جگہ نہیں جہاں زیادہ دیر تک کھڑا ہوا جائے ، لیکن میں دیکھتا ہوں کہ کچھ لوگ وہاں کھڑے ہو کریہ کہتے ہیں :

"میں اللہ تعالی کے لیے طواف کے ساتھ چکروں کی نیت کرتا ہوں عمرے کا طواف یا نفلی" یااس سے ملتا جلتا کچھ اورکہتے ہیں اوریہ نیت میں غلطی ہے ، کیونکہ عبادات میں نیت کے الفاظ کی ادائیگی بدعت ہے جس کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی ثبوت نہیں ملتا ، اورنہ ہی صحابہ کرام میں سے کسی ایک نے ایسا کیا ہے ، لہذا آپ عبادت تواللہ تعالی کے لیے کر رہے ہیں اوروہ آپ کی نیت کوجانتا ہے اس لیے اسے بلند آواز سےکرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے "انتہی .